**04.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------------------------------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے دیہی علاقوں کے لوگوں کو باوقار زندگی فراہم کرنے کی اپنی حکومت کی ترجیح کو دوہرایا ہے۔ وزیر اعظم نے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں گرامین بھارت مہوتسو کا افتاح کیا۔

☆ بھارت کی دیہی غربت میں گذشتہ سہ ماہی کے دوران چار اعشاریہ آٹھ چھ فیصد کی کمی آئی ہے۔ دیہی غربت کی شرح سال 2011-12 کی اسی سہ ماہی میں 25 اعشاریہ سات فیصد تھی۔

☆ گرو گوبند سنگھ کا 358 واں یومِ پیدائش ، پرکاش اُتسو پٹنہ میں شروع ہوگیا ہے۔

☆ شمالی بھارت میں شدید سرد لہر اور کہرے کی وجہ سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔

☆ ہاکی انڈیا لیگ میں، آج شام راوڑ کیلا میں Shrachi Rarh بینگال ٹائیگرس کا مقابلہ دلّی SG Pipers سے، جبکہ حیدرآباد طوفانس کا مقابلہ ٹیم Gonasika سے ہوگا۔

☆ اور سڈنی میں بارڈر۔ گواسکر ٹرافی کے آخری ٹسٹ میچ میں دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے چھ وکٹ کے نقصان پر 141 رَن بنا لئے ہیں۔ اس طرح بھارت کو آسٹریلیا پر 145 رَن کی برتری حاصل ہوگئی ہے۔

---------------------------

اب خبریں تفصیل سے---

**PM GRAMEEN MAHOTSAV**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بھارت کے دیہاتوں کو ترقی اور مواقع کے درخشاں مراکز میں تبدیل کرنے کے حکومت کے ویژن پر زور دیا۔ وزیراعظم نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ 2014 سے حکومت مسلسل دیہی بھارت کی خدمت کررہی ہے، جس کے تحت دیہاتوں کے لوگوں کو باوقار زندگی مہیا کرانے پر ترجیح دی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکار نے ہر گاؤں میں بنیادی سہولتوں کو یقینی بنانے کیلئے مہم شروع کی ہے۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں Grameen Bharat Mahotsav 2025 کا افتتاح کرنے کے بعد وزیراعظم نے یہ بات کہی۔ یہ مہوتسو 4 سے 9 جنوری تک جاری رہے گا۔ اس مہوتسو کا

موضوع ''وکست بھارت 2047 کیلئے ایک لچکدار دیہی بھارت کی تشکیل'' ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ سرکار کے ارادے، پالیسیاں اور فیصلے دیہی بھارت کو ایک نئ توانائی کے ساتھ بھررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی کابینہ نے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا میں ایک سال کیلئے 2025-26 تک توسیع کرنے کو منظوری دی ہے۔ جناب مودی نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ دیہی لوگوں کو خود مختار بنانے کیلئے پردھان منتری کسان سمّان ندھی PM-Kisan کے تحت اب تک کسانوں کو تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی مالی مدد دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلی دہائی میں زرعی قرضوں کو بڑھا کر ساڑھے 3 گنا کردیا گیا ہے اور متعدد فصلوں پر MSP بڑھائی جارہی ہے۔

جناب مودی نے بتایا کہ سووچ بھارت ابھیان، پی ایم آواس یوجنا اور جل جیون مشن جیسے سرکار کے پروگراموں کا مقصد دیہی علاقوں کی ترقی اور وہاں فائدہ پہنچانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاکھوں گاؤوں کے گھروں میں صاف پینے کا پانی پہنچ رہا ہے۔ آج ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ آیوشان آروگیہ مندر کے ذریعہ لوگوں کو بہتر طبی خدمات مہیا کرائی جارہی ہیں۔ وزیراعظم نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی مدد سے، اُن کی حکومت نے ملک کے بہترین ڈاکٹروں اور اسپتالوں کو دیہاتوں سے جوڑدیا ہے اور ٹیلی میڈیسن کے فائدے وہاں پہنچائے جارہے ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ 2025 کے شروع میں گرامین بھارت مہوتسو جیسے بڑے پروگرام کا انعقاد بھارت کے ترقی کے سفر کا عکاس ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے ملک کو ایک نئ پہنچان مل رہی ہے۔ انہوں نے NABARD اور دیگر ساتھیوں کو اس کے انعقاد پر مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے مہوتسو میں موجود دستکاروں سے بات چیت بھی کی۔ اس مہوتسو کا مقصد دیہی بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینا، خودکفیل معیشتیں تشکیل دینا اور دیہی برادریوں میں اختراع کو پروان چڑھانا ہے۔ مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن اور خزانے کے وزیرمملکت پنکج چودھری بھی اِس موقعے پر موجود تھے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرخزانہ نرملاسیتارمن نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں غریبوں، کسانوں، نوجوانوں اور خواتین کو اقتصادی طور پر بااختیار بنانے اور اُن کی فلاح کیلئے کئی اسکیمیں نافذ کی جارہی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ 2003 سے 650، GI ٹیگ دیئے جاچکے ہیں۔محترمہ سیتارمن نے کہا کہ اس مہوتسو میں شمال مشرق اور قبائیلوں کی مصنوعات کی نمائش کی جائے گی، جن کو بلاضمانت کا قرض دیا گیا تھا۔

اِس مہوتسو میں درخشاں کارکردگی اور نمائش کے ذریعے بھارت کے مالامال ثقافتی ورثے کی نمائش کی جائے گی۔ مہوتسو میں خاص توجہ اس بات پر دی جائے گی کہ کاروبار کے ذریعے دیہی خواتین کو بااختیار بنایا جائے۔ یہ مہوتسو سرکاری اہلکاروں، دیہی کاروباریوں، دستکاروں اور مختلف سیکٹروں کے متعلقہ فریقوں کو یکجا کرے گا، تاکہ اشتراک پر مبنی اور اجتماعی یکسر دیہی تبدیلی کے لیے ایک خاکہ وضع کیا جا سکے۔ اِس پروگرام کا مقصد خصوصی طور پر شمال مشرقی بھارت پر توجہ مرکوز کیے جانے کے ساتھ دیہی آبادی کے درمیان اقتصادی استحکام، مالی سیکیورٹی کو فروغ دینا ہے۔×

**SBI - RURAL POVERTY RESEARCH**

بھارت کی دیہی غربت میں مالی سال 12-2011 میں 25 اعشاریہ سات فیصد کے مقابلے مالی سال 24-2023 میں چار اعشاریہ آٹھ چھ فیصد کی کمی آئی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی جانب سے تصرف کے اخراجات کے ایک سروے کے مطابق پچھلے 12 سالوں میں شہری غربت میں 13 اعشاریہ سات فیصد سے چار اعشاریہ صفر نو فیصد تک کی کمی آئی ہے۔ SBI کی تحقیق میں اس بات کو اجاگر کیا گیا ہے کہ حکومت کی جانب سے اہم مدد کے ساتھ ساتھ سب سے کم صفر سے پانچ فیصد تک کی کھپت میں اضافے کی وجہ سے دیہی غربت میں یہ کمی واقع ہوئی ہے۔ تحقیق میں اس بات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے کہ دیہی اور شہری ماہانہ فی کس کھپت کے اخراجات MPCE کے درمیان فرق اب کم ہوکر 69 اعشاریہ سات فیصد رہ گیا ہے، جو کہ سال 10-2009 میں 88 اعشاریہ 2 فیصد تھا۔ x

**BIHAR PRAKASH PARV**

سکھوں کے دسویں اور آخری گرو، گرو گوونِد سنگھ کے تین سو اٹھّاون ویں یومِ پیدائش کی تین روزہ تقریبات پرکاش اُتسَو آج صبح بہار کے پٹنہ شہر میں، تخت شری ہری مندر صاحب میں شروع ہوئیں۔ یہ جگہ خالصہ پنت گرو گوونِد سنگھ صاحب کے بانی کی جائے پیدائش ہے۔ یہ تقریبات آج صبح تخت شری ہری مندر صاحب سے ایک بڑی پربھات پھیری یا صبح کا جلوس برآمد ہوا، جو گرو کا باغ اور پٹنہ صاحب اسٹیشن اور پٹنہ کے دیگر مقامات سے گزرتا ہوا تخت صاحب میں اختتام پذیر ہوا۔x

**SHAH - SUSHMA HOSTEL**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج سابق وزیر خارجہ آنجہانی سشما سوراج کی اہم خدمات کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ وہ پارٹی کے اہم لیڈروں میں سے ایک تھیں۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں سُشما بھون اور Veterinary سینٹر میں New Working Women's ہاسٹل بلاک کے ایک افتتاحی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب شاہ نے اِس بات کی نشاندہی کی کہ سشما سوراج ایسے رہنماؤں میں سے ایک تھیں، جنہوں نے وزیر کے طور پر اپنی خدمات انجام دیں اور NDA حکومت کی پہلی اور دوسری مدت میں اہم قلمدان سنبھالیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں صرف ایک وزیر کے طور پر ہی نہیں بلکہ ایک اپوزیشن لیڈر کے طور پر بھی یاد کیا جائے گا۔ انہوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ سبھی اپوزیشن رہنماؤں کو اُن کے کام سے تحریک حاصل کرنی چاہیئے۔ x

**US - CHINA SANCTIONS**

امریکہ نے، چین کی سائبر سکیورٹی کمپنی Integrity ٹیکنالوجی گروپ پر، کُل پابندیاں عائد کردیں۔ اس کمپنی پر مبینہ طور

پر یہ الزام ہے کہ اُس نے امریکہ کے اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بناتے ہوئے متعدد کمپیوٹر معلومات میں دخل اندازی کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ امریکہ کی وزارت خارجہ کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ Integrity ٹِک، چین کا ایک بڑا سرکاری کانٹریکٹر ہے۔ بیان میں کمپنی پر الزام لگایا گیا ہے کہ وہ ایک بڑے ہیکنگ گروپ فلیکس Typhoon کے پیچھے ہے۔ وزارت خزانہ نے اطلاع دی تھی کہ ایک بڑے سائبر سکیورٹی حملے میں چین کے ہیکرس نے دور سے ہی امریکہ کے وزارت خزانہ کی کئی جگہوں اور خفیہ دستاویزات تک رسائی حاصل کرلی ہے، جس کے بعد یہ پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔×

## COLD NORTH INDIA

شمالی بھارت کے مختلف حصوں میں سخت سردی اور گھنے کہرے کے سبب معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے۔ آج صبح سویرے سے خطے میں کہرے کی گھنی پرت چھائی ہوئی ہے، جس سے مختلف علاقوں میں بہت ہی کم دکھائی دے رہا ہے۔ اور پروازوں اور ٹرینوں کے آنے جانے میں رخنہ پڑ رہا ہے۔ دلی، اترپردیش اور ہریانہ میں سڑک ٹریفک بہت ہی سست رفتار سے چل رہا تھا کیونکہ سڑک پر چلنے والے گھنے کہرے میں راستہ تلاش کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ گھنے کہرے کے سبب آج صبح سویرے دلی ہوائی اڈے پر پروازوں کے آنے جانے پر اثر پڑا ہے۔×

## JAISHANKAR MALDIVES FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مالدیپ کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللہ خلیل نے کل نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت کی 'پڑوس مقدم' پالیسی اور 'ویژن ساگر' کے تحت مالدیپ سے، بھارت کے دوطرفہ رشتوں کی اہمیت کو دوہرایا اور مالدیپ کے لیے مدد جاری رکھنے کا یقین دلایا۔ دونوں ملکوں نے بھارت کی مدد کے ذریعہ مالدیپ میں عوام پر بڑے پیمانے پر اثر انداز ہونے والے ترقیاتی پروجیکٹوں کے نفاذ سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔×

## DELHI POLLUTION

دلّی NCR- میں ہوا کا معیار بہت خراب زمرے میں پہنچ گیا ہے۔ آج صبح 7 بجے ہوا کا معیاری اشاریہ یعنی AQI، 385 پر تھا۔ مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں AQI شدید خراب یعنی 400 کے نشان کو پار کر گیا تھا۔ ہوا کے خراب معیار کے پیش نظر، ہوا کے معیار کے انتظام کیلئے کمیشن نے قومی خطہ راجدھانی میں بتدریج رَدّعمل کا منصوبہ یعنی GRAP کے تیسرے مرحلے کو فوری طور سے نافذ کردیا ہے۔×

## BIHAR COLD

بہار میں ریاست کے کئی علاقوں میں شدید سردی کی وجہ سے عام زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔ پٹنہ، بیگوسرائے، گیا، اورنگ آباد، Kaimur، بکسر اور دیگر اضلاع میں شدید سردی جاری ہے۔ چھپرا، سب سے شدید جگہ رہا، جہاں پر پچھلے 24 گھنٹے کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ گیا میں پانچویں کلاس تک کے اسکول اور آنگن واڑی مراکز کو 8 جنوری تک بند کردیا گیا ہے۔×

## HOCKEY INDIA LEAGUE

ہاکی انڈیا لیگ میں، آج شام چھ بجے Shrachi Rarh bengal ٹائیگرس کا مقابلہ دلی ایس جی Pipers سے جبکہ رات سوا آٹھ بجے حیدرآباد طوفانس کا مقابلہ ٹیم Gonasika سے ہوگا۔ یہ دونوں میچ راوڑکیلا کے برسامنڈا اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ اس سے قبل کل رات راوڑکیلا میں ایک سنسنی خیز پنالٹی شوٹ آوٹ میں تمل ناڈو ڈریگنس نے Vedanta Kalinga Lancers کو ہرادیا۔ مقررہ وقت میں یہ میچ دو دو کی برابری پر ختم ہوا، اس کے بعد پنالٹی شوٹ آوٹ میں تمل ناڈو نے ویدانتا کو چھ پانچ سے شکست دی۔×

## CRICKET - BGT TEST

کرکٹ میں، سڈنی میں جاری بارڈر-گواسکر ٹرافی کے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف اپنی دوسری باری میں 6 وکٹ کے نقصان پر 141 رن بنالئے تھے۔ دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت 145 رن آگے تھا۔ رویندر جڈیجہ اور وشنگٹن سندر ناٹ آوٹ رہے۔ اس سے قبل Rishabh پنت نے 33 گیندوں پر تیز 61 رن بنائے اور یہ ٹیسٹ کرکٹ میں بھارت کی طرف سے دوسری سب سے تیز نصف سینچری ہے۔ آسٹریلیا میں کسی مہمان ٹیم کی طرف سے یہ سب سے تیز نصف سینچری بھی ہے۔ اسٹریلیا کی طرف سے اسکاٹ بولینڈ نے چار وکٹ لئے۔ اس سے پہلے آج صبح بھارتی ٹیم نے میزبان آسٹریلیا کی پوری ٹیم کو 181 رن پر آوٹ کر دیا۔

محمد سراج اور Prasidh Krishna نے تین تین وکٹ لیے جبکہ جسپریت بومرہ اور نتیش کمار ریڈّی نے دو-دو وکٹ حاصل کیے۔ آسٹریلیا کی طرف سے بلّے باز Beau Webster نے 105 گیند پر سب سے زیادہ 57 رن بنائے اس کے بعد Steven Smith نے 33 رن بنائے۔×

## WORLD BRAILE DAY

آج بریل کا عالمی دن ہے۔ یہ دن بریل کی اہمیت سے متعلق بیداری میں اضافے کے لیے ہر سال منایا جاتا ہے۔

بریل، نابینا اور اُن افراد کے لیے جنہیں کم دکھائی دیتا ہے، بات چیت کی ایک زبان ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2018 میں 4 جنوری کو بریل کے عالمی دن کے طور پر منانے کا اعلان کیا تھا، جس کا مقصد اس زبان کے موجد لوئی بریل کو یاد کرنا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆